مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف و تبصرہ کتب

معالم العرفان فی دروس القرآن جلد ۹

افادات ؛ حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی زید مجدہ
ترتیب ؛ جناب لعل دین ۔ صفحات ۸۵۲ قیمت ۲۲۵

ناشر مکتبہ دروس القرآن محلہ فاروق گنج گوجرانوالہ

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی کی علمی و دینی شخصیت کسی کے تعارف کی محتاج نہیں ان کے علمی افادات دروس قرآن کا سلسلہ بھی علمی و دینی حلقوں اور قرآنی ذوق رکھنے والے احباب میں متعارف ہے معالم العرفان اسی سلسلۃ الذہب کی نویں کڑی ہے جو سورۃ یونس سورۃ ہود اور سورۃ یوسف کی مکمل توضیح و تشریح پر مشتمل ہے اس سے قبل ۸ جلدیں شائع ہو چکی ہیں ۔علم و تحقیق اور تفسیر و خدمت قرآن کے اس عظیم تاریخی اور اصلاحی انقلابی کاوش کی جس قدر بھی تحسین کی جائے کم ہے ہمیں یقین ہے کہ قارئین دیگر جلدوں کی طرح اسے بھی اپنے سیٹ کی تکمیل اور افادہ و استفادہ کے جذبے سے قدر دانی فرمائیں گے ۔

خلفائے راشدین جلد اوّل

مرتبہ ؛ علامہ خالد محمود پی ایچ ڈی لندن
صفحات ۶۸۸ جلد اعلیٰ ڈائی دار ۔ قیمت ۱۳۵ روپے

خلفائے راشدین جلد دوم مسمی بہ عبقات صفحات ۴۸۸ جلد اعلیٰ ڈائی دار قیمت ۱۲۰ ”

ناشر ! احسان الحق خان ، مکتبہ دارالمعارف ۱/۲ دیو سماج روڈ سنت نگر لاہور

صحابہ کرام کے نازک موضوع پر یہ کتاب عصر حاضر کا ایک شاہکار ہے خلفائے راشدین حضرت ابوبکر رضؓ ، حضرت عمر رضؓ ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ پر ایک مسلسل کتاب نہیں ، ان چاروں بزرگوں پر تقریباً اسی مضامین کا ایک نہایت دلکش مرقع ہے قرآن و حدیث اور تاریخ کی روشنی میں خلفائے راشدین کی زندگیوں کے مختلف پہلوؤں پر نہایت محققانہ بحث کی گئی ہے ۔

جلد دوم عبقات کے نام سے موسوم ہے اس میں خلفائے راشدین اور صحابہ کرام پر کئے گئے تقریباً ایک ہزار سوالوں کا جواب ہے ۔

علامہ خالد محمود صاحب کے فاضلانہ قلم سے لکھے گئے یہ مضامین ہزار ہا کتابوں کا علمی نچوڑ ہیں جن کے مطالعہ سے خطیب اپنے خطبات کے مختلف عنوان اور پیرائے بہت آسانی سے ترتیب دے سکتا ہے اور مناظر مخالفین کا منہ بند کرنے کے لیے اپنے موضوع کے جامع اور مانع دلائل یکساں ملاحظہ کر سکتے ہیں ۔

اس زمانے میں جبکہ صحابہ کرام کی زندگیوں کو مختلف جہات سے نشانہ بحث بنایا جا رہا ہے یہ کتابیں اس لائق ہیں کہ ہر تعلیم یافتہ سنی مسلمان کے گھر میں اس طرح رہیں جس طرح بہشتی زیور ہر گھر اور ہر فرد کی ایک عملی ضرورت ہے ،